پریس ریلیز

گوجرانوالہ 02 اگست 2023ء

محمد نیئر شفیق کلکٹر کسٹم سمبڑیال نے کہا ہے کہ بزنس کمیونٹی کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ کر کے کاروباری افراد کیلئے آسانیاں پیدا کرنا میری اولین ترجیح ہے۔انہوں نے کہا کہ میری تمام کاروباری برادری سے درخواست ہے کہ وہ ایکسپورٹ فیسلی ٹیشن سکیم سے بھر پور فائدہ اٹھائیں حکومت نے ایکسپورٹرز کو فائدہ دینے کیلئے یہ بڑی اچھی سکیم متعارف کرائی ہے انہوں نے بتایا کہ DTRE سکیم کی بیشتر سہولیات اس سکیم کا حصہ ہیں جو ایکسپورٹرز کیلئے مزید آسانی کا باعث ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں اراکین سے خطاب کے دوران کیا۔جبکہ اجلاس کی صدارت چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کی۔اس موقع پر سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل، اراکین مجلس عاملہ سابق صدور، حاجی محمد شکیل، اخلاق احمد بٹ، ملک ظہیر الحق، محمد شعیب بٹ، نائب صدور ملک امین ناز، عرفان یعقوب، شفیق الرحمان ایڈیشنل کلکٹر کسٹم سمبڑیال، کے علاوہ بزنس کمیونٹی کی کثیر تعداد بھی موجود تھے۔

قبل ازیں صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب نے سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کی خوش قسمتی ہے کہ کسٹم میں محمد نیئر شفیق جیسے پروگریسیو آفیسر تعینات ہے کلکٹریٹ اور چیمبر آف کامرس کے مابین بہترین Liasion ہے چیمبر کے ساتھ ان کا مسلسل رابطہ اس بات کی مستند دلیل ہے کہ آپ بزنس کمیونٹی کے مسائل حل کرنے میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ چیمبر سے جب بھی انہیں کسی مسئلے کے حوالے سے اپروچ کی گئی انہوں نے فوری رسپانس دیا اور بزنس کمیونٹی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا۔انہوں نے کہا کہ ہم امید کرتے ہیں کہ دوران میٹنگ ایکسپورٹ فیسلی ٹیشن کے متعلق جو تحفظات پیش کئے گئے ہیں انہیں فوری طور پر حل کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ایکسپورٹ فیسلی ٹیشن سکیم بڑی اچھی سکیم ہے بزنس کمیونٹی اس سے استفادہ بھی حاصل کر رہی ہے اس ضمن میں گزارش ہے کہ اسکیم کی اگر اوور دو ٹرانسلیشن کر لی جائے بزنس کمیونٹی کو اس سکیم میں دی جانے والی سہولیات کے متعلق مزید آسانی میسر آئے گی اور وہ بہتر طریقے سے اس سکیم کو مستفید ہو سکیں گے۔